[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 6149** **H**

Unique Paper Code : 2145001004

Name of the Paper : Study of Poetry – II

Name of the Course : **Common Prog. Group : GE**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: پانچ سوالات حل کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔

**(الف)**

یاں آدمی ہی نار ہے اور آدمی ہی نور یاں آدمی ہی پاس ہے اور آدمی ہی دور

کل آدمی کا حسن و قبح میں ہے یاں ظہور شیطاں بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکرو زور

اور ہادی، رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی ہی جان کو وارے ہے آدمی اور آدمی پہ تیغ کو مارے ہے آدمی

پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی چلا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی

اور سن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

*P.T.O.*

**(ب)**

عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہوجانا　　درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا

تجھ سے قسمت میں میری صورت قفل ابجد　　تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا

ضعف سے گریہ مبدل بہ دم سرد ہوا　　باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہو جانا

دل سے مٹنا تری انگشت حنائی کا خیال　　ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

۲۔ نظم ''آدمی نامہ'' کی روشنی میں نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۳۔ اخترالایمان کی نظم ''ایک لڑکا'' پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ فیض احمد فیض یا پنڈت برج نارائن چکبست کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

۵۔ مومن کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

۶۔ میر تقی میر یا مرزا غالب کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔

۷۔ اقبال کی غزل گوئی پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔